# پھلوں کے باغات میں کھادوں کی سفارشات

(مقدار: کلوگرام فی پودا سالانہ)

| پھل | مراحل | گوبر کی گلی سڑی کھاد | سونا یوریا | سونا ڈی اے پی | ایف ایف سی ایس او پی | یا ایف ایف سی ایم او پی | کھادوں کا طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایووکیڈو (مکھن پھل)  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 12 | — | — | — | — | پھلدار پودوں کو ہر سال دسمبر، جنوری میں فی پودا گوبر کی ساری کھاد ڈالیں۔ کیمیائی کھادوں میں تمام سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی اور نصف سونا یوریا پھول آنے سے قبل جبکہ بقیہ سونا یوریا پھل بننے پر استعمال کریں۔ |
| | پھل دار پودے | 30 تا 40 | $1\frac{1}{2}$ | $1\frac{1}{2}$ | 1 | $\frac{3}{4}$ | |
| جاپانی پھل (پرسیمن)  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 12 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں دیں۔ پھل دینے والے پودوں کو تمام سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی اور نصف سونا یوریا پھول آنے سے قبل اور بقیہ سونا یوریا جب پھل مٹر کے دانے کے برابر ہو جائے تو استعمال کریں۔ |
| | پھل دار پودے | 40 | 2 تا $2\frac{1}{2}$ | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | $\frac{3}{4}$ تا $1\frac{1}{4}$ | |
| ناریل  | پودے لگاتے وقت | 8 تا 10 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں دیں۔ پھل دار پودوں کو سونا یوریا، سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی دو حصوں میں پھول آنے سے پہلے اور پھل بننے پر دیں۔ |
| | پھل دار پودے | 50 | $\frac{3}{4}$ | 1 | $1\frac{3}{4}$ | $1\frac{1}{2}$ | |
| بیر  | پودے لگاتے وقت | 8 تا 10 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں ڈالیں۔ تمام ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی نصف سونا یوریا پھول آنے سے قبل اور بقیہ سونا یوریا جب پھل مٹر کے دانے کے برابر ہو جائے تو ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 40 تا 50 | $1\frac{1}{2}$ تا 2 | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | $\frac{3}{4}$ تا $1\frac{1}{4}$ | |
| شہتوت  | پودے لگاتے وقت | 8 تا 10 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں ہر دوسرے سال استعمال کریں۔ سونا یوریا، سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کو دو حصوں میں موسمِ بہار اور برسات میں استعمال کریں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 | 1 تا 2 | $\frac{1}{2}$ تا 1 | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | $\frac{3}{4}$ تا 1 | |
| چیکو  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 12 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں استعمال کریں۔ تمام سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی اور سونا یوریا کی نصف مقدار پھول آنے سے دو ہفتے قبل اور بقیہ سونا یوریا پھل بننے کے بعد ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{2}$ | |
| ناشپاتی  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 15 | — | — | — | — | گوبر کی گلی سڑی کھاد کے ساتھ سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی دسمبر میں ڈالیں، جبکہ سونا یوریا کی نصف مقدار پھول آنے سے 15 سے 20 دن قبل اور بقیہ آدھی مقدار پھل بننے کے بعد دیں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 تا 30 | 1 تا $2\frac{1}{2}$ | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | $\frac{3}{4}$ تا $1\frac{1}{4}$ | |
| زیتون  | پھل نہ دینے والے پودے | 20 تا 25 | 1 | $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | گوبر کی گلی سڑی کھاد کے ساتھ سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی سفارش کردہ تمام مقدار آخر دسمبر میں ڈالیں، جبکہ سونا یوریا دو برابر اقساط میں پھول آنے کے وقت اور پھل مٹر کے دانے کے برابر ہو جائے تو استعمال کریں۔ |
| | پھل دار پودے | 25 تا 30 | 2 | 1 تا $1\frac{1}{2}$ | 1 | $\frac{3}{4}$ | |

**نوٹ:** • کھادوں کا استعمال تجزیہ زمین کے مطابق کریں۔ • گوبر کی کھاد ہمیشہ اچھی طرح گلی سڑی استعمال کریں۔ • دیسی اور کیمیائی کھادوں کو تنے سے 1 تا $1\frac{1}{2}$ فٹ جگہ چھوڑ کر پودے کی چھتری کے نیچے ڈال کر زمین میں اچھی طرح ملا دیں۔ • کھادوں کے استعمال کے بعد فوراً آبپاشی کریں تاکہ یہ پانی میں حل ہو کر پودوں کو دستیاب ہو جائیں۔ • زنک اور بوران کی کمی دور کرنے کے لیے $7\frac{1}{2}$ کلوگرام سونا زنک اور 3 کلوگرام سونا بوران فی ایکڑ گوبر کی کھاد کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔

**نئے پودے لگانا:** • اپنے علاقائی موسم کے مطابق پودے لگانے سے $1\frac{1}{2}$ سے 2 ماہ پہلے جگہ کی نشاندہی کرنے کے بعد تین فٹ گہرے اور تین فٹ چوڑے گڑھے کھود لیں • گڑھے کھودتے وقت اوپر کی ایک فٹ تک مٹی کو ایک طرف اور باقی نیچے دو فٹ والی مٹی علیحدہ رکھیں۔ • گڑھوں کو 15 سے 20 دن کے لیے کھلا چھوڑ دیں تاکہ دھوپ سے نقصان دہ کیڑے مر جائیں۔ • اوپر کی ایک فٹ والی مٹی میں ایک حصہ بھل اور ایک حصہ گلی سڑی گوبر کی کھاد ملا کر گڑھوں کو بھر کر پانی لگا دیں۔ وتر آنے پر پودوں کو اِن میں منتقل کریں۔

فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ FFC

سونا یوریا

# پھلوں کے باغات میں کھادوں کی سفارشات

(مقدار: کلوگرام فی پودا سالانہ)

| پھل | مراحل | گوبر کی گلی سڑی کھاد | سونا یوریا | سونا ڈی اے پی | ایف ایف سی ایس او پی یا | ایف ایف سی ایم او پی | کھادوں کا طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آڑو  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 15 | $\frac{1}{4}$ | — | — | — | سونا ڈی اے پی، ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی اور گوبر کی گلی سڑی کھاد دسمبر میں جبکہ سونا یوریا کی نصف مقدار پھول آنے سے 2 ہفتے پہلے اور باقی نصف مقدار پھل بننے کے 2 ہفتے بعد ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 40 تا 50 | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | |
| انگور  | پودے لگاتے وقت | 15 تا 20 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں ڈالیں۔ وسط مارچ میں تمام سونا ڈی اے پی و نصف سونا یوریا اور نصف ایف ایف سی ایس او پی یا ایم او پی ڈالیں۔ جبکہ بقیہ سونا یوریا اور ایف ایف سی ایس پی یا ایف ایف سی ایم او پی دانے بننے کے بعد ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 تا 30 | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ | $\frac{1}{4}$ | |
| آلو بخارا  | پودے لگاتے وقت | 15 تا 20 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی دسمبر میں ڈالیں۔ جبکہ سونا یوریا دو برابر قسطوں میں پھول نکلنے سے قبل اور پھل بنتے وقت ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 40 تا 60 | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | |
| خوبانی  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 15 | — | — | — | — | پھل دار پودوں کو گوبر کی کھاد دسمبر جبکہ سونا یوریا، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی نصف مقدار پھول آنے سے قبل اور بقیہ مقدار پھل بننے پر ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 30 تا 40 | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | |
| لیچی  | پودے لگاتے وقت | 8 تا 10 | — | — | — | — | جوان پودوں کو دسمبر میں گوبر کی کھاد کے ساتھ سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی ساری مقدار ڈال دیں۔ سونا یوریا کی نصف مقدار پھول آنے سے 2 ہفتے پہلے اور باقی سونا یوریا پھل بننے پر ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 10 تا 20 | 3 تا 4 | $1\frac{1}{4}$ تا $1\frac{1}{2}$ | 1 تا 2 | $\frac{3}{4}$ تا $1\frac{1}{4}$ | |
| انار  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 15 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد دسمبر میں دیں جبکہ سونا یوریا، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی دو برابر حصوں میں پھول آنے سے قبل اور پھل بننے کے بعد دیں۔ |
| | پھل دار پودے | 25 تا 35 | $\frac{1}{2}$ تا $\frac{3}{4}$ | $\frac{1}{2}$ تا 1 | $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | |
| فالسہ  | پھل دار پودے | 10 تا 15 | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | فالسہ کے پودوں کو گوبر کی کھاد سردیوں میں شاخ تراشی کے بعد دیں جبکہ سونا یوریا، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی پھوٹ شروع ہونے سے پہلے استعمال کریں۔ |
| لوکاٹ  | چھوٹے پودے | 10 تا 15 | — | — | — | — | گوبر کی کھاد پھول آنے سے پہلے اگست یا ستمبر میں دیں جبکہ سونا یوریا، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی نصف مقدار ستمبر اور باقی نصف مقدار فروری اور مارچ میں دیں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 تا 50 | $\frac{3}{4}$ تا 1 | $1\frac{1}{4}$ تا $1\frac{1}{2}$ | 1 | $\frac{3}{4}$ | |
| پپیتا  | پودے لگاتے وقت | 10 تا 12 | — | — | — | — | موسم برسات میں گوبر کی گلی سڑی کھاد استعمال کریں۔ سونا یوریا کی نصف مقدار، سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی تمام مقدار پھول آنے سے پہلے تقریباً دو ہفتے قبل ڈالی جائے جبکہ سونا یوریا کی باقی نصف مقدار پھل بن جانے کے بعد ڈالیں۔ |
| | پھل دار پودے | 20 تا 30 | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{4}$ تا $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | $\frac{1}{2}$ | |
| سٹرابیری  | — | 10 تا 12 ٹرالی فی ایکڑ | $2\frac{3}{4}$ بوری فی ایکڑ | 2 بوری فی ایکڑ | 2 بوری فی ایکڑ | $1\frac{3}{4}$ بوری فی ایکڑ | گوبر کی گلی سڑی کھاد ستمبر، اکتوبر میں ڈال کر زمین میں ملا دیں۔ سونا ڈی اے پی اور ایف ایف سی ایس او پی یا ایف ایف سی ایم او پی کی تمام مقدار اور سونا یوریا کی نصف مقدار زمین کی تیاری کرتے وقت ڈالیں جبکہ باقی سونا یوریا پھول آنے پر دیں۔ |

FFC فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ

سونا یوریا